سوال

نماز میں ایسے باریک کپڑے پہننے کا حکم جن سے ستر پوشی نہ ہوتی ہو

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج کل باریک کپڑے کثرت سے پہنے جاتے ہیں۔ اوران کا عام مسلمانوں میں بہت رواج ہوگیا ہے۔ خصوصاً ہم دیکھتے ہیں کہ موسم گرما میں تواکثر نمازیوں نے یہ باریک کپڑے پہنے ہوتے ہیں اوروہ نیچے نصف ران یاثلث ران تک انڈرویئر پہن لیتے ہیں۔ اور بعض لوگ نیچے بنیان وغیرہ بھی پہنتے ہیں۔ لیکن اس سے زیرناف حصہ باریک کپڑے سے نظر آتا ہے۔ لیکن جیسا کہ آپ جانتے ہیں۔ ستر پوشی تو نماز کی شرطوں میں سے ایک اہم شرط ہے۔ توکیا اس طرح کے باریک کپڑے پہننے سے ستر پوشی ہوجاتی ہے؟ براہ کرام راہنمائی فرمایئے اللہ تعالیٰ آپ کواپنی برکتوں سے نوازے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

تمام مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ نمازی کےلئے نماز میں ستر پوشی واجب ہے۔ اوراس کےلئے عریاں طور پر نماز پڑھنا جائز نہیں خواہ وہ مرد ہویا عورت ہاں البتہ عورت کے لئے ستر پوشی کا حکم زیادہ تاکید اورکثرت کے ساتھ آیا ہے۔ آدمی کا ستر ناف سے لے کر گھٹنے تک ہے۔ اور حسب مقدور دونوں یا ایک کندھے کو ڈھانپنا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ فرمایا تھا کہ:

ان کان الثوب واسعا فالتحف بہ وان کان ضیقا فاتزر بہ (صحیح بخاری)

''اگر کپڑا کشادہ ہو تو اسے لپیٹ لو اور اگر تنگ ہو تو اسے چادر کے طور پر استعمال کرو''

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ:

لایصل احدکم فی الثوب الواحد لیس علی عاتقیہ منہ شیئ (صحیح مسلم)

''تم میں سے کوئی ایک کپڑے میں اس طرح نماز نہ پڑھے کہ اس کے کندھوں پر کوئی چیز نہ ہو۔''

نماز میں چہرے کے سوا عورت کا سارا جسم ہی پردہ ہے۔ عورتوں کے ہاتھوں کے بارے میں علماء اختلاف ہے۔ بعض نے توہاتھوں کے ڈھانپنے کو بھی واجب قرار دیا ہے۔ اور بعض نے ان کے ننگا رکھنے کی رخصت دی ہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس میں ان شاء اللہ دونوں طرح گنجائش ہے۔ ہاں البتہ ڈھانپ لیا جائے۔ توزیادہ افضل ہے۔ اورپھر اس میں

اختلاف کی کوئی گنجائش بھی باقی نہیں رہتی۔جمہور اہل علم کے نزدیک عورت کے لئے نماز میں پاؤں کو چھپانا بھی واجب ہے۔

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی یہ روایت بیان کی ہے۔کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ پوچھا کہ کیا عورت چادر کے بغیر محض قمیض اور دوپٹے میں بھی نماز پڑھ سکتی ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اذا کان الدرع سابغا یغطی ظھور قدمیھا (سنن ابی داؤد)

''ہاں جب قمیص اس قدر کشادہ ہو کہ اس سے پاؤں کے اوپر چھپ جائے۔''

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ''بلوغ المرام'' میں لکھا ہے۔کہ آئمہ کرام نے اس حدیث کے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے موقوف ہونے کو صحیح قرار دیا ہے۔

ان دلائل سے معلوم ہوا کہ واجب ہے کہ نماز میں مرد اور عورت کا لباس ایسا ہو جو ستر پوشی کے تقاضوں کو پورا کرتا ہو۔اور اگر لباس باریک ہو کہ اس سے ستر پوشی نہ ہو رہی ہو تو نماز باطل ہوجائے گی۔مثلاً یہ کہ مرد نے اگر چھوٹی نیکر پہنی ہو کہ اس سے اس کے ران غیر مستور (ننگے) ہوں اور نیکر کے اوپر کوئی اور کپڑا نہ پہنے کہ جس سے ران چھپ جایئں تو اس حال میں اس کی نماز صحیح نہ ہوگی۔اس طرح اگر عورت اس قدر باریک لباس پہنے جو ستر پوشی کا کام نہ دے تو اس کی نماز باطل ہوجائے گی۔نماز اسلام کا ستون ہے۔اور شہادتین کے بعد اسلام کا سب سے عظیم رکن ہے۔لہذا تمام مسلمان مردوں اور عورتوں پر یہ واجب ہے۔کہ وہ نماز کا خاص اہتمام کریں نماز کو اس کی مکمل شرائط کے ساتھ ادا کریں اور ایسے امور سے اجتناب کریں جو نماز کو باطل کردینے والے ہوں۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

حٰفِظوا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلوٰةِ الوُسطىٰ... ٢٣٨ ... سورة البقرة

''(مسلمانو) سب نمازیں خصوصاً بیچ کی نماز (یعنی نماز عصر) پورے التزام کے ساتھ ادا کرتے رہو۔''

نیز فرمایا:

وَأَقيمُوا الصَّلوٰةَ وَءاتُوا الزَّكوٰةَ... ٤٣ ... سورة البقرة

''اور نماز پڑھا کرو اور زکواۃ ادا کیا کرو''

بے شک نماز کا خاص اہتمام کرنا اور نماز کے شرائط اور تمام واجبات کو ادا کرنا بھی نماز کی اس حفاظت اور اقامت میں شامل ہے۔جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو حکم دیا ہے۔اگر نماز پڑھتے ہوئے عورت کے پاس کوئی اجنبی شخص ہو تو پھر اس کے لئے چہرے کو چھپانا بھی فرض ہے۔اسی طرح طواف میں بھی عورت کے لئے سارے جسم کو چھپانا فرض ہے کیونکہ طواف بھی نماز کے حکم میں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص386

محدث فتویٰ